پریس ریلیز

جنرل ہسپتال میں قائم آشوب چشم ہیلپ لائن پر آج (اتوار) کو بھی فنکشنل رہے گی: پروفیسر الفرید ظفر

لاہور30 ستمبر:...... پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے بتایا کہ لاہور جنرل ہسپتال میں قائم آشوب چشم کی ہیلپ لائن آج اتوار کو بھی فنکشنل رہے گی تا کہ شہری گھر بیٹھے ماہرین امراض چشم سے صبح 8 تا دو پہر 2 بجے تک طبی مشورہ اور رہنمائی حاصل کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی متاثرہ شخص فون نمبرز 042-99268877 اور 042-99268816 پر رابطہ کرسکتا ہے اور انہیں آشوب چشم سے متعلق مکمل آ گاہی دی جائے گی۔

ماہرامراض چشم ڈاکٹر عروج امجد نے شہریوں کو آشوب چشم سے احتیاطی تدابیر کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ وہ اپنے ہاتھوں کو بار بار دھوئیں اور اس کے باوجود آنکھوں کو ہاتھ لگانے سے گریز کریں جبکہ اپنی ذاتی اشیاء مثلاً تولیہ، رومال، تکیہ وغیرہ دوسروں سے الگ رکھیں۔ ڈاکٹر عروج امجد نے بتایا کہ شہریوں کو چاہیے کہ وہ ایک دوسرے سے ہاتھ ملانے سے بھی گریز کریں کیونکہ اس سے یہ انفیکشن پھیلنے کا خدشہ ہوسکتا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ڈاکٹرز سے مشورے کے بغیر کوئی دوائی یا ڈراپ استعمال نہ کریں، اپنے آنکھوں کو صاف پانی سے چھینٹے مارتے رہیں تا کہ جراثیم آنکھوں میں نہ ٹھہریں۔

پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آشوب چشم کا مریض ہجوم والی جگہ پر جانے سے اجتناب برتے تا کہ وبا کو محدود کیا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ ہیلپ لائن کے اجراء کا مقصد شہریوں کو گھر بیٹھ کر ہی ڈاکٹروں سے رہنمائی حاصل کرنے کی سہولت فراہم کرنا ہے تا کہ وہ غیر ضروری سفر سے گریز کر سکیں اُن کے ساتھ ساتھ دیگر شہری بھی اس وبا سے محفوظ رہیں۔

☆☆☆☆